## چارسدہ روڈ پر سرکاری ملازمین کی بس کے قریب ریموٹ کنٹرول بم دھماکے پر جناب الطاف حسین کا اظہار مذمت
## سفاک دہشت گرد معصوم و بے گناہ لوگوں کی جان و مال سے کھیل رہے ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں
## حکومت سے مطالبہ صدر، وزیراعظم اور وفاقی مشیر سرکاری بس کے قریب ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے

لندن۔۔۔8 جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے چارسدہ روڈ پر سرکاری ملازمین کی بس کے قریب ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی اور بم دھماکوں کے ذریعے معصوم عوام کو خاک وخون میں نہلایا جارہا ہے اور جو سفاک دہشت گرد معصوم و بے گناہ لوگوں کی جان و مال سے کھیل رہے ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔ انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو جلد و مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا امیر حیدر خان ہوتی سے مطالبہ کیا کہ چارسدہ روڈ پر سرکاری بس کے قریب ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ریموٹ کنٹرول بم دھماکے میں ملوث دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور بم دھماکوں کی مذموم کارروائیوں میں ملوث سفاک دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## ملک بھر کے عوام عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں جناب الطاف حسین کی اپیل
## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے لندن سے ٹیلی فون پر شیخ رشید کی عیادت کی جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی

لندن:۔۔۔8، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور ایم کیوایم کے کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ شیخ رشید کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے لندن سے ٹیلی فون پر شیخ رشید سے رابطہ کرکے ان کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## عوام وکارکنان اسماء فیاض کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعائیں کریں، جناب الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔8 جون، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن فیاض حسین کی اہلیہ اسماء فیاض کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ اسماء فیاض کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد اشفاق کی والدہ محترمہ اجمیرین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔8 جون، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن محمد اشفاق قریشی کی والدہ محترمہ اجمیرین کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن رئیس احمد صدیقی شہید کا فاتحہ سوئم

کراچی۔۔۔8جون2012ء

گزشتہ دنوں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہونیوالے ایم کیوایم پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن رئیس احمد صدیقی شہید کا سوئم بعد نماز جمعہ ان کی رہائشگاہ واقع لانڈھی میں ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کے رہنما عامر خان،حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل (خالد عمر) اراکین اسمبلی آصف حسنین، عامر معین پیرزادہ،سید خالد افتخار،پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج خالد اعوان واراکین کمیٹی،لانڈھی سیکٹر وعلاقائی یونٹس کمیٹیوں کے ارکان،کارکنان،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر رئیس احمد صدیقی شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی مغفرت،ان کے درجات کی بلندی،سوگواران کے صبر جمیل،ایم کیوایم کی کامیابی،سازشوں کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے اجتماعی دعائیں بھی کی گئیں۔

## کالعدم امن کمیٹی کے جرائم پیشہ دہشت گردوں نے کراچی کے امن وامان سمیت صنعتی،کاروباری،اقتصادی اور معاشی ترقی داؤ پر لگادی ہے،حق پرست ارکان سینیٹ

## دہشت گردوں کی مذموم کارروائیاں شہر کو مفلوج بنانے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہیں

## شہر میں جرائم پیشہ عناصر کی مسلسل اجارہ داری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا خاموش تماشائی بنے رہنا قومی المیہ ہے

کراچی۔۔۔7،جون2012ء

حق پرست ارکان سینیٹ نے کہا ہے کہ کالعدم امن کمیٹی کے جرائم پیشہ دہشت گردوں نے کراچی کے امن وامان سمیت صنعتی،کاروباری،اقتصادی اور معاشی ترقی داؤ پر لگادی ہے اور شہر میں قتل وغارتگری، بھتہ خوری،اغواء برائے تاوان،تاجروں پر فائرنگ اور کاروباری مراکز پر دستی بموں کے مسلسل حملوں کی کارروائیاں شہر کو مفلوج بنانے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی وخوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے شہر کراچی میں جرائم پیشہ عناصر کی اجارہ داری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا خاموش تماشائی بنے رہنا قومی المیہ ہے۔انہوں نے کہا کہ شہر کی سنگین اور بگڑتی صورتحال کے ذمہ داران کو بے نقاب کرنے کیلئے آزاد میڈیا،انسانی حقوق کی ملکی وبین الاقوامی تنظیمیں اپنی ذمہ داریاں اور فرائض مکمل طور پر ادا کریں اور جرائم پیشہ عناصر سے شہر اور یہاں کے عوام کی نجات کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کریں۔انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ دہشت گرد شہر میں اپنی مذموم کارروائیوں میں اضافہ کرکے معاشرتی اقدار کو تباہ کررہے ہیں اور اس سے شہری،معاشی اور اقتصادی سرگرمیاں بری طرح سے متاثر ہورہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ کالعدم امن کمیٹی کے دہشت گردوں کے خلاف مئوثر اور ٹھوس کاروائی عمل میں نہ لانے کے باعث ان کی سرگرمیاں اپنی کمین گاہوں سے نکل کر شہر بھر میں پھیل چکی ہیں جس کے باعث عوام،کاروباری حضرات اور زندگی کے تمام افراد اپنی جان ومال کے عدم تحفظ کا شکار ہوگئے ہیں۔حق پرست ارکان سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شہر میں کالعدم امن کمیٹی کے دہشت گردوں کی کھلی اجارہ داری کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے،دہشت گردوں سے عوام اور کاروبار حضرات کو جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور شہر بھر میں سرگرم کالعدم امن کمیٹی کے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔

## اے پی ایم ایس او کے 34ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم شعبہ اقلیتی امور کے زیراہتمام ٹاؤنز، یوسیز کے انچارجز وجوائنٹ انچارجز دیگر ذمہ داران کا اجلاس

کراچی:۔۔۔8،جون2012ء

ایم کیوایم شعبہ اقلیتی امور کمیٹی کے تحت خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں اے پی ایم ایس او کے 34ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں تمام ٹاؤنز کے ذمہ داران اور یوسی کے انچارجز وجوائنٹ انچارجز کا اجلاس منعقد ہوا۔جس میں ذمہ داران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم شعبہ اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج رشید خان اور رکن منور جان نے کہا کہ APMSO کے ابتدائی ایام سے ہی قائد تحریک الطاف حسین نے تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ وطالبات کے جائز حقوق کی بات

کی اور یہی وجہ ہے کہ آج APMSO میں تمام قومیتوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے طلبہ وطالبات موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس کے بطن سے عوام کی منتخب نمائندہ جماعت ایم کیوایم نے جنم لیا جو آج ملک بھر کی تمام مظلوم قومیتوں کی امیدوں کا مرکز بنی ہوئی ہے۔انہوں نے ذمہ داران کو ہدایت کی کہ 11 جون کو APMSO کے 34 ویں یوم تاسیس کے موقع پر جناح گراؤنڈ میں تاریخی طلبہ کنونشن کا انعقاد کیا جارہا ہے اس پروگرام کو کامیاب اور تاریخی بنانے کیلئے تمام ذمہ داران وکارکنان اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔

## ایم کیوایم روایت شکن جماعت ہے،کارکنان کا عمل وکردار حق پرستی کی تحریک کی کامیابی کی ضمانت ہے،اسدعلی کاظمی

## لیبر ڈویژن گلبرگ ٹاؤن کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی:۔۔۔8،جون 2012ء

ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے زیر اہتمام گزشتہ روز گلبرگ ٹاؤن میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج اسدعلی کاظمی،ارکان عبدالحفیظ انصاری اور کامران احمد عثمانی نے شرکت کی۔اس موقع پر گلبرگ ٹاؤن کے ذمہ داران وکارکنان کثیر تعداد میں موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج اسدعلی کاظمی نے کہا کہ ایم کیوایم روایت شکن جماعت ہے اور ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے چنگل سے 98 فیصد مظلوم عوام کو نجات دلانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں اس کے کارکنان کا عمل وکردار ہی حق پرستی کی تحریک کی کامیابی کی ضمانت ہے اور مثبت عمل وکردار کو اپنا کر ہی ہر بڑی سے بڑی سازش کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔لیبر ڈویژن کے ارکان عبدالحفیظ انصاری اور کامران احمد عثمانی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کی واحد نمائندہ جماعت ہے اور مستقل مزاجی اور ثابت قدمی کے ساتھ عوام کے اجتماعی اور جائز حقوق کے حصول کیلئے کوشاں ہے۔انہوں نے گلبرگ ٹاؤن کے ذمہ داران وکارکنان پر پرزور دیا کہ وہ ملکی حالات پر کڑی نگاہیں رکھیں اور ہر لمحہ بدلتی صورتحال میں صحیح فیصلے کرنے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطابات اور بیانات کا مطالعہ اپنے معمول کا حصہ بنائیں۔

☆☆☆☆☆